© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نظرات

مکہ ریڈیو کے نشریے کے مطابق اس سال فریضہ حج ادا کرنے والوں کی تعداد ۲۸۳۳۱۹ تھی - اور سال گزشتہ میں جو مسلمان اس نعمت سے سرفراز ہوئے ان کی تعداد ۲۶۶۵۵۵ تھی - فریضہ حج ادا کرنے والوں میں ایشیا و افریقہ کے ملکوں کے کثیرالتعداد مسلمان تو تھے ہی ، ان کے علاوہ دور دراز ارجن ٹائنا ، اسپانیہ ، اٹلی ، جرمنی ، برطانیہ اور امریکہ سے بھی مسلمان حج کے لئے آئے تھے - اسلام کی عالمگیریت اور مرکزیت کی بیت‌الحرام کے اس سالانہ حج سے بڑھ کر اور کیا عملی دلیل ہو سکتی ہے -

---

حج کے ضمن میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے :-

واذن في الناس بالحج يأتوك رجالا و على كل ضامر يأتين
من كل فج عميق ليشهدوا منافع لهم (سورہ الحج : ۲۶-۲۷)

اور ابراہیم سے یہ بھی کہا گیا کہ لوگوں میں حج (کے فرض ہونے ) کا اعلان کردو - لوگ تمہارے پاس (حج کو) چلے آویں گے پیادہ بھی اور دبلی اونٹنیوں پر بھی جو کہ دور دراز رستوں سے پہنچی ہوں گی تاکہ اپنے (دینیہ و دنیویہ) فوائد کے لئے آموجود ہوں -

حج کے دینی و دنیوی دونوں طرح کے فوائد شروع ہی سے مسلمانوں کو ملحوظ رہے ہیں اور فریضہ دینی کی ادائیگی اور حصول ثواب و برکت کے ساتھ ساتھ حج ہمیشہ امت کے لئے بے شمار '' منافع ،، کا مصدر و ذریعہ رہا ہے بد قسمتی سے پچھلی کئی صدیوں میں مسلمانوں کی عام زبوں حالی ، پستی ان کے ذہنی جمود اور اجتماعی انتشار کی وجہ سے ''ان منافع ،، کا دائرہ بہت محدود رہا اور حج جیسے غیر معمولی اور عدیم المثال دینی و ملی شعار سے

© rasailojaraid.com